## سوال

(50) کھانا پکانے والی کے لیے جائز ہے کہ وہ کھانا چکھ لے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کھانے پکانے والے کے لئے جائز ہے کہ وہ روزے کی حالت میں کھانے کی حالت جانچنے کے لئے اس میں سے چکھ لے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کھانا پکانے والے کے لئے اس میں کوئی حرج نہیں کہ وہ زبان کے ایک کنارے کے ذریعے کھانے میں مٹھاس، نمک یا دوسرے ذائقے معلوم کرنے کے لئے تھوڑا سا چکھ لے مگر وہ اس میں سے کوئی چیز گلے سے نیچے نہ اترنے دے بلکہ وہ چکھی ہوئی چیز کو باہر نکال دے اور کلی کرے اس طریقے سے اس کے روزے کو کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ: 108

محدث فتویٰ